www.raddeshakeeliyat.com

Gmail

Shakeeliyath?

1 message

sajeed ali <editormtknwgl@gmail.com>
To: daruliftanadwa@gmail.com Fri, Sep 9, 2016 at 12:02 AM

Assalaamu Alaikum Warahmatullah

1. Who are Shakeeli ?
2. What is Shakeel Bin Hanif ?
3. Who are they & their Beliefs ?

Sent from my iPhone

۳۸/۷۸۸۲/ک

هو المصوب

1 شکیل بن حنیف، دربھنگہ، بہار کے موضع عثمان پور کا رہنے والا ایک شخص ہے، جس نے چند برس قبل جب کہ وہ دہلی میں تھا، مہدی ہونے کا، اور پھر مہدی و مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا، اور اس طرح ایک نئی گمراہیت کی داغ بیل ڈالی، اس نے پہلے پہلے دہلی کے مختلف محلوں میں اپنی مہدویت و مسیحیت کی تبلیغ کی،
اس کے بعد اس نے مہاراشٹر کے ضلع اورنگ آباد میں اپنا ٹھکانہ بنایا، وہ اس طرح کی کسی نے اس کیلئے ایک پورا علاقہ خرید کر ایک نئی بستی بسادی، جس میں وہ اور اس کے حواری رہتے ہیں۔ اس فتنہ کی دعوت اور اسکے داعیوں کا طریقہ کار،
ان لوگوں کا طریقہ کار یہ ہے، کہ یہ خفیہ طور پر کسی نوجوان سے رابطہ کرتے ہیں، یہ نوجوان عام طور پر دینی معلومات سے خالی ہوتا ہے، یہ پہلے اس سے عام دینی گفتگو کرتے ہیں، اور اس کے داعی اپنا حلیہ ایسا بنائے رکھتے ہیں، کہ ہر شخص متأثر ہوجاتا ہے، اور یہ سمجھتا ہے کہ یہ متبع سنت ہے، مثلا لمبی ڈاڑھی رکھتے ہیں، لباس میں لمبے کرتے، اور اونچی شلوار کا اہتمام کرتے ہیں، اور گفتگو میں بار بار الحمد للہ، سبحان اللہ، ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، اور ان جیسے الفاظ استعمال کرتے ہیں،

۲- شکیل بہار کا رہنے والا ایک شخص ہے جس نے مہدی موعود ہونے دعویٰ کیا ہے، احادیث شریفہ میں قیامت کے قریب مہدی نام کی جس شخصیت کے ظہور کی بات کہی گئی ہے، اس کا مصداق یہ شخص ہرگز نہیں ہوسکتا ہے، اس لئے کہ مہدی موعود کا ظہور مکہ معظمہ میں ہونے والا ہے، اور یہ شخص ہندوستان کا باشندہ ہے، مہدی موعود کا نام پیغمبرؐ کے موافق ہوگا، اور وہ خانوادہ نبوت کے ایک فرد ہوں گے، اور اپنے زمانہ کے خلیفہ برحق ہوں گے، اور ان کی قیادت میں دشمنان اسلام سے شرعی جہاد کیا جائے گا۔
نیز ان کے زمانہ میں عیسیٰؑ کا آسمان سے نزول ہوگا، اور ایسی کوئی بات شکیل نامی شخص پر منطبق نہیں ہے، لہذا یہ شخص قطعاً جھوٹا اور فریبی ہے لہذا اس سے بچنا لازمی ہے،

٣٨/٢٨٨٢/ک

وعن عبد الله رضی الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ: لا تذهب الدنیا حتی یملک العرب رجل من أهل بیتي یواطئ اسمه اسمي، سنن الترمذي ٢/٤٧ - وقد تواترت الأخبار واستفاضت بکثرة رواتها عن المصطفی ﷺ في المهدي من أهل بیته وأنه یملک سبع سنین ویملأ الأرض عدلا وأن عیسی علیه السلام یخرج فیساعده علی قتل الدجال وأنه یؤم هذه الأمة وعیسی علیه السلام خلفه، تهذیب التهذیب ٩/١٢٦

٣- چونکہ یہ شخص مہدی موعود ہونے کا دعوی کرتا ہے، اور اس کیلئے قرآنی آیات کی غلط تفسیر بیان کرتا ہے، اور احادیث کی غلط تشریح کرتا ہے، جسکی وجہ سے اسکو کافر کہا جائے گا - اس سلسلہ میں دیوبند سے جو فتوی جاری کیا گیا اس میں اس کو کافر کہا گیا ہے جسکی وجہ سے یہ شخص کافر ہوگا - فقط

مسعود حسن حسنی
دار الافتاء ندوۃ العلماء لکھنؤ
19/10/2016

الجواب صحیح
نیاز احمد ندوی
دار الافتاء ندوۃ العلماء لکھنؤ
19/10/2016

والحکمۃ
دار القضاء
ندوۃ العلماء لکھنؤ الہند